سبقی منصوبہ بندی	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	پہلی سہ ماہی
وقت: 40 منٹ	تاریخ: ____________	ہفتہ: 9، دن: 1	اُستاد کا نام: ____________

سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication)	باب دوم: ثقافت (Culture)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختلف ذرائع ابلاغ (Means of Communication) کے فوائد (Advantages) اور نقصانات (Disadvantages) کی نشان دہی کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو مختلف میگزین، اخبارات اور رسائل دیں۔
- ان کے گروہ بنائیں۔ ان بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اخبار یا میگزین کے اشتہارات کاٹ کر اپنا رسالہ بنائیں۔
- انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم ذرائع ابلاغ کے فوائد اور نقصانات کے بارے میں پڑھیں گے۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو ذرائع ابلاغ کے فوائد بتائیں:
  - ٹیلی وژن، کمپیوٹر، ریڈیو، موبائل فون تفریح کے بڑے ذرائع ہیں۔
  - ان ذرائع کی مدد سے انتہائی کم وقت میں معلومات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ باآسانی منتقل کیا جا سکتا ہے۔
  - ان ذرائع کی مدد سے لوگوں کو ایک دوسرے کی ثقافتوں کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔
- اب طلبہ سے ذرائع ابلاغ کے نقصانات پوچھیں اور ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
  - ان کا مسلسل استعمال صحت کے لیے مضر ہے۔
  - یاداشت پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔
  - وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ابلاغ کا بے جا استعمال نقصان پہنچاتا ہے اس سے بچوں کی تعلیم اور صحت پر برا اثر پڑتا ہے۔

اعادہ	**3منٹ**

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

جائزہ:	**5منٹ**

سوال نمبر4کتاب پر حل کروائیں۔

گھر کا کام:	**2منٹ**

سبق ''ذرائع ابلاغ''کی دہرائی کریں۔

سبقی منصوبہ بندی	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	پہلی سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 9، دن: 2	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) (دہرائی)	باب دوم: ثقافت (Culture)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قوم پرستی (Nationalism) کی تعریف اور وضاحت کر سکیں اور بتا سکیں کہ کیسے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر رہتے ہیں۔
- پاکستان میں رہنے والے متنوع ثقافتی (Diverse Cultural) گروہوں کی نشان دہی کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق ''ہمارا رہن سہن'' کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق کی پڑھائی کروائیں اور اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ	20منٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

i. ثقافت سے کیا مراد ہے؟

ii. قوم پرستی سے کیا مراد ہے؟

iii. پاکستان میں رہنے والے متنوع ثقافتی گروہوں کے نام لکھیں۔

سبقی منصوبہ بندی	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	پہلی سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 9، دن: 3	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) (دہرائی)	باب دوم: ثقافت (Culture)

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کے ثقافتی تنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے اور تقریبات، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان اور آرٹ/ فن) کو بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "ہمارا رہن سہن" کی دہرائی کریں گے تا کہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق کی پڑھائی کروائیں اور دہرائی کروائیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

۱۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

i. ثقافت کس زبان کا لفظ ہے؟

- ہندی
- فارسی
- عربی
- انگریزی

ii. پاکستان میں بڑے ثقافتی گروہوں کی تعداد ہے:

- چار
- چھے
- آٹھ
- بارہ

iii. دستکاری سے کیا مراد ہے:

- صفت
- ہاتھوں سے اشیا بنانا
- مشینوں کا استعمال
- کپڑوں پر کڑھائی

۲۔ درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

i. بلوچستان کے مشہور کھانوں کے نام لکھیں۔

____

____

____

____

____

ii. گلگت بلتستان اور کشمیر میں لوگ کون سی زبانیں بولتے ہیں؟

____

____

____

____

____

iii. پاکستان کے مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔

____

____

____

____

____

۳۔ پاکستان میں منائے جانے والے میلوں اور تہواروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟